Press Release
پریس ریلیز
मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی
MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY
پارلیمنٹ ایکٹ کے تحت ۱۹۹۸ء میں قائم شدہ مرکزی یونیورسٹی
گچی باؤلی' حیدرآباد 500 032۔تلنگانہ
فون:- 040-23006606' 15-23006612 (104)' فیکس:23006606' ای میل:۔manuupro1@gmail.com' ویب سائٹ:www.manuu.ac.in

11/جولائی 2016

اردو یونیورسٹی کیمپس میں بڑے پیمانے پر شجر کاری مہم

حیدرآباد 11/جولائی (پریس نوٹ): مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں آج بڑے پیمانے پر مختلف اقسام کے پودے لگائے گئے۔ تلنگانہ ہریتا ہرم پراجکٹ کے اہم شراکت دار کے طور پر یونیورسٹی کیمپس میں شجر کاری مہم کا اہتمام کیا گیا۔

وائس چانسلر ڈاکٹر محمد اسلم پرویز نے بھی رجسٹرار ڈاکٹر شکیل احمد کے ہمراہ مرکز برائے مطالعاتِ دکن کی عمارت کے قریب پودا لگایا۔ ڈاکٹر ایس مقبول احمد' صدر' شعبہ نباتیات وانچارج باغبانی کے مطابق یونیورسٹی کے تدریسی وغیر تدریسی عملہ نے طلبہ کے ہمراہ جوش وخروش کیساتھ کیمپس میں پودے لگاتے ہوئے شجر کاری تہوار پروگرام میں سرگرم شرکت کی۔ یونیورسٹی کے پراکٹر پروفیسر عبدالعظیم نے بتایا کہ شجر کاری تہوار پروگرام منانے کے لیے اسکول آف سائنسز کے طلبہ کے علاوہ چیتنیا جونیئر کالج' مدینہ گوڈہ برانچ کی طالبات اور حیدرآباد سافٹ ویئر انٹر پرائزز اسوسیئشن کے ارکان کے ساتھ مادھاپور پولیس اسٹیشن کے عہدیداروں نے بھی اس پروگرام میں شرکت کی۔ اس موقع پر پروفیسر فضل الرحمٰن' ڈین' بہبودیٔ طلبہ' پروفیسر نجم الحسن' ڈین' اسکول آف سائنسز' پروفیسر ابوالکلام' صدر شعبۂ اردو' جناب طاہر علی' سیکورٹی انچارج' اسکول آف سائنسز کے اساتذہ' عہدیدار اور دیگر بھی موجود تھے۔

عابد عبدالواسع
پبلک ریلیشنز آفیسر